*Flow Chart* *Macro Structure*

109:سُوۡرَۃُالکافِرون؛ مکّیہ آیات: 6 پیراگراف:3

**زمانۂ نزول:**سُوۡرَۃُالکافِرون؛ اعلانِ عام کے بعد، قیام مکہ کے دوسرے دور (4 تا 5 نبوی) میں نازل ہوئی، جب قریش کے سرداروں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک وفد کی صورت میں آکر مصالحانہ پیش کش کی کہ ایک سال بتوں کی پوجا کی جائے اور ایک سال اللہ کی۔ انہیں صاف صاف کہہ دیا گیا۔ ( لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِىَ دِيۡنِ ) "تم لوگوں کے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین"۔ اس طرح واضح طور پر کفر سے عملی بے تعلقی کا اعلان کر دیا گیا۔

